سوال

(354) فجر کی جماعت کے وقت سنت پڑھنا جائز نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز فجر کی جماعت کھڑی ہو تو آنے والا فجر کی سنتیں ادا کرکے جماعت میں شامل ہو یا بعد ادا کرے۔ ازروئے حدیث شریف بیان فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں آیا ہے۔

"اذا اقیمت الصلوة فلا صلوة الا المکتوبة"

’’جب نماز جماعت کھڑی ہو جاوے۔ تو سوائے نماز فریضہ کے کوئی نماز نہیں ہوتی۔‘‘

دار قطنی کی ایک روایت میں ہے:

"فلا صلوة الا التی اقیمت"

’’جماعت کھڑی ہونے پر اس نماز کے سوا جس کی اقامت کہی گئی ہے۔ کوئی نماز نہیں ہوتی۔‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 557